**پریس ریلیز**

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

10اکتوبر2017

## بھاؤنا رشی کوآپریٹیو اربن بینک لمٹیڈ، حیدر آباد، تلنگانہ، جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے'' بھاؤنا رشی کو آپریٹیو اربن بینک لمٹیڈ، حیدر آباد، تلنگانہ پر ایک لاکھ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ (-/Rs.1,00,000)عائد کردیا ہے۔ ریزرو بینک نے یہ مالی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ1949 کے سیکشن47A(I) جس کو سیکشن(4)46 کے ساتھ پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس کوآپریٹیو بینک کے ذریعہ آر بی آئی کے ڈائریکٹوز اور بینک کے ڈائریکٹرس وان کے رشتہ داروں کوقرض کی فراہمی اور پیشگی رقم ادائیگی سے متعلق رہنما اصولوں کی خلاف ورزی کرنے پر عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس کوآپریٹیو بینک کو پہلے ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔اس کے جواب میں اس بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا۔معاملہ کی حقیقت پرغور کرنے و بینک کے تحریری جواب اور ذاتی سماعت پرغور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچی کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر مالیاتی جرمانہ عائد کردیا۔

**پریس ریلیز**980/2017-2018

**اجیت پرساد**

**اسسٹنٹ ایڈوائزر**